(۲)

نام کتاب: نماز پیمبر، تالیف: الشیخ محمد الیاس فیصل مدینہ منورہ
قیمت -/۲۷ روپیے، ملنے کا پتہ: سُنّی پبلیکیشنز الوھاب مارکیٹ اُردو بازار لاہور

ایک نہایت ہی اہم فریضہ (نماز) کے متعلق یہ نہایت خوبصورت اور مدلّل کتاب ہے جس فاضل مؤلف نے مدینہ منورہ کی عطر بیز فضاؤں بلکہ خاص مسجد نبوی اور اس کے بھی مبارک ترین حصہ ''ریاض الجنۃ'' میں سپرد قلم کیا۔

قرآن، احادیث، سیرت، فقہ و فتاویٰ وغیرہ کی ۹۳ ضخیم کتابوں کو کئی سال پڑھنے کے بعد یہ گلدستہ مرتب کیا گیا جو اب ۳۵۴ صفحات پر مشتمل ہے اور جس کی طباعت، کاغذ اور جلد میں سے ہر ایک کا معیار خوب سے خوب تر ہے۔

نماز اسلام کا بنیادی اور اہم ترین فریضہ ہے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کو حکم دیا تھا کہ ''اس طرح نماز پڑھو جس طرح مجھے پڑھتا دیکھتے ہو'' اس کی تفصیلات سے کتب احادیث وسیرت بھری پڑی ہیں۔

ان تفصیلات کو ائمہ اربعہ اور فقہا بالخصوص حضرت الامام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالےٰ نے بڑی تفصیل سے مرتب کیا لیکن بعض حضرات نے فقہاء اور بالخصوص حضرت الامام سے کسی خصوصی عناد کی بنا پر ایسا وطیرہ اختیار کر رکھا ہے کہ ان کے نزدیک دنیا کی ¾ مسلم آبادی کی نماز ہی نہیں۔ فیصل صاحب نے اس ''دعوی'' کو روایت ودرایت کی روشنی میں پرکھا ہے — اللہ تعالےٰ نے اس کتاب کو ایسی مقبولیت نصیب فرمائی کہ تھوڑے عرصہ میں اس کا دوسرا ایڈیشن آگیا۔ حرمین شریفین، برطانیہ، ہندوستان اور پاکستان کے متعدد اور نامور اہل علم نے اسے پسندیدگی کی نظر سے دیکھا — حاصل کرکے اپنی نمازوں کی اصلاح کریں۔

(۳)

نام کتاب: ازواج مطہراتؓ نور قرآن میں تالیف: ابوخالد عبدالرشید
قیمت تیس روپے ملنے کا پتہ: ادارہ صراط مستقیم ۵۹۔ بی تاج سینٹر شاہ فیصل کالونی نمبر۱ کراچی نمبر ۲۵۔